مرکزی انجمن کی سرگرمیوں کی جھلکیاں

(اپریل تا جون 99ء)

1- محترم صدر مؤسس کا دورۂ یورپ

محترم صدر مؤسس 5 مئی کو لندن تشریف لے گئے اور دو ہفتہ کے مختصر دورہ کے بعد 22 مئی کو وطن واپس تشریف لے آئے۔ اس دوران موصوف ناروے بھی گئے۔

2- کالج برائے خواتین کا قیام

قرآن کالج برائے خواتین کے بارے میں اولاً یہ طے کیا گیا تھا کہ یہ مکمل طور پر حلقہ خواتین کے زیر اہتمام ہو گا لیکن بعد ازاں اس فیصلہ میں ترمیم کرتے ہوئے طے کیا گیا کہ یہ مرکزی انجمن کے زیر انتظام ہو گا۔ اسکی financing اور نگہداشت مرکزی انجمن کے ذمہ ہو گی' البتہ اسکے تدریسی پروگراموں کی تشکیل اور انتظامات حلقہ خواتین کے ذمہ ہونگے۔

کالج برائے خواتین کے قیام کے ضمن میں K-433 ماڈل ٹاؤن میں ضروری مرمت اور تعمیرات کا کام الحمد للہ مکمل ہو گیا ہے اور اب یہ جگہ کالج کے قیام کے لئے تیار ہے۔ کلاس رومز کے لئے ضروری فرنیچر بھی ان شاء اللہ جلد فراہم کر دیا جائے گا۔

3- اکیڈمک ونگ

ماہنامہ میثاق کے اپریل' مئی' اور جون کے شمارے باقاعدگی سے شائع ہوئے۔

ماہنامہ حکمت قرآن کا مارچ اپریل کا مشترکہ شمارہ شائع ہوا تھا۔ مئی اور جون کے شمارے بروقت شائع ہوئے۔

ہفت روزہ ندائے خلافت کی اشاعت میں بھی باقاعدگی رہی۔

<u>کتب</u> : "آسان عربی گرامر حصہ دوم" کا نظر ثانی شدہ ایڈیشن کمپیوٹر کمپوزنگ کے ساتھ

شائع کیا گیا۔

اسی طرح "آسان عربی گرامر حصہ سوم" کا نظر ثانی و اضافہ شدہ ایڈیشن نئی کمپوزنگ کے ساتھ تیار کر کے پریس بھجوایا گیا۔ "مسئلہ سود اور غیر سودی مالیات" کا تیسرا نظر ثانی شدہ ایڈیشن شائع کیا گیا۔ واضح رہے کہ اس کتاب کا ہر ایڈیشن مؤلف کی نظر ثانی اور اعداد و شمار کی updating کے ساتھ شائع ہوتا ہے۔

4۔ شعبہ انگریزی

انگریزی جریدے The Quranic Horizons کا جنوری تا مارچ کا شمارہ تاخیر کے ساتھ شائع ہوا۔ اس جریدے کا اپریل تا جون کا شمارہ جون کے تیسرے ہفتے میں شائع ہو گیا ہے۔

☆ منتخب نصاب (انگریزی) کی کمپوزنگ کا سلسلہ جاری ہے۔

☆ انگریزی جریدے کے لئے ڈاکٹر رفیع الدین مرحوم کے پانچ نایاب مقالات حاصل کئے گئے ہیں۔

☆ انچارج شعبہ کی غیر حاضری میں The Quranic Horizons سے متعلق معاملات کی نگرانی اور ادارت کیلئے جناب ظفر اقبال صاحب کی جز وقتی خدمات حاصل کی جائیں گی۔ انہیں مناسب تربیت دینے کی کوشش کی جا رہی ہے اور شعبہ انگریزی کا کام hand over کیا جا رہا ہے۔

5۔ شعبہ خط و کتابت کورسز

اپریل تا جون 99ء کے دوران "قرآن حکیم کی فکری و عملی راہنمائی کورس" میں 34' "عربی گرامر حصہ اول" میں 43' حصہ دوم میں 4' حصہ سوم میں 3 اور ترجمہ قرآن کریم کورس میں 19 داخلے ہوئے۔

98-1997ء اور 99-1998ء کے اعداد و شمار کا موازنہ ذیل میں دیا جا رہا ہے:

	(جولائی 97 تا جون 98ء)	(جولائی 98 تا جون 99ء)
1) **قرآن حکیم کی فکری و عملی راہنمائی کورس :**		
ا) دوران سال داخلہ لینے والوں کی تعداد	132	138
ب) دوران سال کورس مکمل کرنے والوں کی تعداد	45	35
2) **عربی گرائمر کورس (حصہ اول) :**		
ا) دوران سال داخلہ لینے والوں کی تعداد	145	110
ب) دوران سال کورس مکمل کرنے والوں کی تعداد	45	24
3) **عربی گرائمر کورس (حصہ دوم) :**		
ا) دوران سال داخلہ لینے والوں کی تعداد	33	20
ب) دوران سال کورس مکمل کرنے والوں کی تعداد	18	19
4) **عربی گرائمر کورس (حصہ سوم) :**		
ا) دوران سال داخلہ لینے والوں کی تعداد	19	22
ب) دوران سال کورس مکمل کرنے والوں کی تعداد	22	12
6) **ترجمہ قرآن کریم کورس :**		
ا) دوران سال داخلہ لینے والوں کی تعداد	153	110
ب) دوران سال کورس مکمل کرنے والوں کی تعداد	01	20

6۔ قرآن کالج

☆ قرآن کالج کا نام تبدیل کر کے "قرآن کالج آف آرٹس اینڈ سائنس" رکھ دیا گیا ہے۔

☆ پروفیسر احمد شفیع چوہدری صاحب کی ریٹائرمنٹ کے بعد "قرآن کالج آف آرٹس اینڈ سائنس" کے لئے نئے پرنسپل کے طور پر جناب نجم الزماں صاحب کا تقرر عمل میں لایا گیا ہے۔

☆ کالج کے آئندہ داخلوں کے لئے بھرپور اشتہاری مہم چلانے کے انتظامات کئے جا رہے ہیں۔ ان شاءاللہ توقع ہے کہ اس کے خاطر خواہ نتائج برآمد ہوں گے۔

☆ ایف اے سالِ دوم' آئی کام سالِ دوم اور رجوع اِلی القرآن کورس کے طلبہ کو سالانہ امتحانات کے بعد مئی 99ء میں فارغ کر دیا گیا۔

8۔ مکتبہ انجمن

اپریل تا جون 99ء (گزشتہ تین ماہ کے دوران) 1,25.494 روپے کی کتب فروخت ہوئیں۔ اس کے علاوہ 4584 آڈیو کیسٹیں' جن کی مالیت =/1,21,500 روپے ہے' 297 ویڈیو کیسٹیں جن کی مالیت =/44,550 روپے ہے اور 300 CDs جن کی مالیت =/37500 روپے ہے فروخت ہوئیں۔

ماہنامہ میثاق' حکمت قرآن' ہفت روزہ ندائے خلافت اور سہ ماہی انگریزی مجلّہ The Quranic Horizons کی ترسیل معمول کے مطابق جاری رہی۔

8۔ شعبہ حفظ قرآن

شعبہ کی تدریسی سرگرمیاں معمول کے مطابق جاری ہیں۔ شعبہ میں طلبہ کی کل تعداد 58 ہے۔ گزشتہ تین ماہ کے دوران 14 طلبہ نے حفظ قرآن کی تکمیل کی۔

9۔ نئی رکنیت

گزشتہ تین ماہ کے دوران مرکزی انجمن کی رکنیت میں 14 ارکان کا اضافہ ہوا۔ ان میں سے ایک حلقہ محسنین میں اور 13 حلقہ عام ارکان میں سے ہیں۔

عن عثمان بن عفان رضی اللہ عنہ قال قال رسول اللّٰہ صلی اللہ علیہ وسلم :

خَيْرُكُمْ مَنْ تَعَلَّمَ الْقُرْآنَ وَعَلَّمَهٗ

"تم میں بہترین وہ ہے جس نے خود قرآن سیکھا اور اسے دوسروں کو سکھایا"